منصوبہ تحقیق (Thesis Plan)

باب اول میں علم تفسیر اور تفسیری ادب کا تعارف بیان کیا گیا ہے۔ اور یہ باب دو فصول پر مشتمل ہے۔ فصل اول میں تفسیر کا تعارف ہے اور فصل دوم میں برصغیر کے اردو تفسیری ادب کا اجمالی تعارف ہے۔

باب دوم سورۃ الضحیٰ کے اردو تراجم کے تجزیاتی مطالعہ سے متعلق ہے یہ باب تین فصول پر مشتمل ہے۔ فاصل اول سورۃ الضحیٰ کا تعارف، فصل دوم میں منتخب اردو تراجم کا تعارف پیش کیا گیا ہے اور فصل سوم میں اردو تراجم کا تقابلی مطالعہ شامل ہے۔

باب سوم میں سورۃ الضحیٰ کے تفسیری مطالعہ کا تحقیق و تجزیہ کیا گیا ہے اور یہ باب تین فصول پر مشتمل ہے۔ فصل اول میں مفردات قرآنیہ کی توضیح و تفسیر کا اسلوب ہے۔ فصل دوم میں آثار و روایات سے استدلال کے نظائر پیش کیے گئے ہیں۔ فصل سوم میں تفسیر بالرائے کا اسلوب درج کیا گیا ہے۔

مقالہ کے آخر میں خلاصہ بحث، نتائج اور مصادر و مراجع کو درج کیا گیا ہے۔ نیز ہر صفحہ پر تعلیقات و حواشی وغیرہ کا مروجہ طریقہ تحقیق کے مطابق اہتمام کیا گیا ہے۔ مقالہ کی تیاری میں جی سی یونیورسٹی لاہور کے اصول تحقیق کے قواعد و